# 21-10-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

1۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے ماؤنوازوں سے اپیل کی کہ وہ تشدد کو ترک کریں اور عوامی زندگی کے مرکزی دھارے میں شامل ہوں۔

2۔ تلنگانہ ہیومن رائٹس کمیشن (TGHRC) نے تلنگانہ کے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس کو ہدایت دی ہے کہ وہ کل نظام آباد ضلع میں مبینہ بدنام زمانہ مجرم شیخ ریاض کو انکاؤنٹر کرنے کی وجہ بننے والے حالات کے بارے میں تفصیلی حقائق پر مبنی رپورٹ پیش کریں۔

3۔ بھارت راشٹرا سمیتی (BRS) کے ایم ایل اے ہریش راؤ نے تلنگانہ حکومت پر ریاست میں بستی دواخانوں کو نظرانداز کرنے کا الزام لگایا۔

4۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جنوب مشرقی خلیج بنگال پر کم دباؤ والے علاقے کی وجہ سے، آج اور کل تلنگانہ کے کئی اضلاع میں الگ تھلگ مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش ہونے کا امکان ہے۔

## CM -MAOISTS

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے ماؤنوازوں سے تشدد سے دستبردار ہونے کی اپیل کی ہے۔ اور عوامی زندگی کے مرکزی دھارے میں شامل ہونے کیا مشورہ دیا۔ آج گوشہ محل میں منعقدہ پولیس یادگاری دن کے پروگرام میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے خطاب کرتے ہوئے چیف منسٹر نے کہا کہ کبھی تلنگانہ میں ماؤنواز سرگرمیاں عروج پر تھیں لیکن محکمہ پولیس کی انتھک کوششوں سے اب امن قائم ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کئی اہم ماؤنواز لیڈروں نے ہتھیار ڈال دیے اور دوسروں سے مطالبہ کیا کہ وہ اس کی پیروی کریں اور ملک کی ترقی میں شراکت دار بنیں۔ انہوں نے تلنگانہ پولیس فورس کی بے لوث خدمات اور قربانیوں کی ستائش کی جو ملک کے لئے ایک رول ماڈل کے طور پر کھڑی ہے۔ اس سال ملک بھر میں 191 پولیس اہلکاروں نے جن میں چھ تلنگانہ کے بھی شامل ہیں، ڈیوٹی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کانسٹیبل پرمود کے اہل خانہ کو ایک کروڑ روپے کی ایکس گریشیا دینے کا اعلان کیا جو نظام آباد میں ایک مجرم کے ہاتھوں ہلاک ہوگئے۔ وزیراعلی نے اعلان کیا کہ متوفی کانسٹیبل کے خاندان کو ریٹائرمنٹ کی عمر تک تنخواہ ملے گی، خاندان کے ایک فرد کو سرکاری ملازمت دی جائے گی اور 300 مربع گز رہائشی زمین مختص کی جائے گی۔

## DAY

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ ملک کی بیرونی اور داخلی سلامتی کو پیش نظر رکھنا پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے، کیونکہ قوم 2047 تک وکست بھارت کے ہدف کی طرف بڑھ رہی ہے۔ نئی دہلی میں یوم پولیس یادگاری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے راجناتھ سنگھ نے کہا، فوج اور پولیس مختلف پلیٹ فارمز پر کام کرتے ہیں، لیکن ان کا مشن ایک ہی ہے، قوم کی حفاظت کرنا۔ انہوں نے مسلح افواج اور پولیس فورسز کو قومی سلامتی کے ستون قرار دیا۔ موجودہ دور کے چیلنجوں پر سنگھ نے کہا کہ سماج کے اندر جرائم، دہشت گردی اور نظریاتی جنگوں کی نئی قسمیں ابھر رہی ہیں۔ وزیر نے پولیس کی تعریف کی کہ وہ جرائم کی روک تھام کی اپنی سرکاری ذمہ داری نبھا رہی ہے اور معاشرے میں اعتماد

کو برقرار رکھنے کے اپنے اخلاقی فرائض کو پورا کر رہی ہے۔

BYTE RAJNATH SINGH

TGHRC

تلنگانہ انسانی حقوق کمیشن (ٹی جی ایچ آر سی) نے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس تلنگانہ شیودھر ریڈی کو آج ہدایت دی کہ وہ تفصیلی حقائق پر مبنی رپورٹ پیش کریں۔ جس میں کل نظام آباد ضلع میں ایک مبینہ بدنام زمانہ مجرم شیخ ریاض کو ہلاک کر دیا گیا تھا۔ کمیشن نے 24 نومبر تک کسی بھی مجسٹریل یا جوڈیشل انکوائری کی صورتحال اور ایف آئی آر اور پوسٹ مارٹم رپورٹ کی کاپیوں کے ساتھ ساتھ انکاؤنٹر موت کے بارے میں سپریم کورٹ اور این ایچ آر سی کے رہنما خطوط کی تعمیل کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

HARISH

بھارت راشٹر اسمیتی (بی آر ایس) کے رکن اسمبلی ٹی ہریش راؤ نے تلنگانہ حکومت پر ریاست میں بستی دواخانوں کو نظر انداز کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے سری لنگم پلی میں بستی دواخانہ کا دورہ کیا اور طبی عملے اور مریضوں سے بات چیت کی۔ وہاں عملے کے کچھ ارکان نے شکایت کی کہ انہیں تنخواہیں نہیں مل رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت صرف شراب کی دکانوں سے محصول وصول کرنے میں دلچسپی رکھتی ہے۔ انہوں نے شکایت کی کہ بستی دواخانوں میں ادویات کی کمی ہے اور حکومت نے بستی دواخانوں کے کام کاج کا ایک بار بھی جائزہ نہیں لیا۔

NOMINATION

بی جے پی امیدوار لنکلا دیپک ریڈی نے جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ سے ضمنی انتخاب کے لیے اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔ انہوں نے آج ایم آر او آفس شیخ پیٹ میں پرچہ نامزدگی داخل کیا۔ ضمنی انتخابات کے لیے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی آج آخری تاریخ تھی۔ کانگریس کی طرف سے نوین یادو اور بی آر ایس سے ایم سنیتا نے پہلے ہی پرچہ نامزدگی داخل کیا ہے۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا (ای سی آئی) 22 اکتوبر کو نامزدگیوں کی جانچ کرے گا، جبکہ کاغذات نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ جمعہ 24 اکٹوبر ہے۔

OWAISI

اے آئی ایم آئی ایم کے صدر اور رکن پارلیمنٹ اسدالدین اویسی نے آج کہا کہ ان کی پارٹی 11 نومبر کو ہونے والے جوبلی ہلز اسمبلی ضمنی انتخابات میں کانگریس امیدوار نوین یادو کی حمایت کرے گی۔ حیدرآباد میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اویسی نے کہا کہ پارٹی نے کانگریس امیدوار کی حمایت کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوین یادو نوجوان ہیں اور جوبلی ہلز حلقہ میں ترقی لا سکتے ہیں۔

ADLURU

ریاستی قبائلی وزیر ادلوری لکشمن نے بی آر ایس لیڈر اور سابق وزیر ہریش راؤ کے کابینہ کی کارروائی سے متعلق حالیہ ریمارکس پر تنقید کی۔۔ آج نامپلی میں گاندھی بھون میں پارٹی ہیڈ کوارٹر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے لکشمن نے ہریش راؤ کے الزامات کی ساکھ پر سوال اٹھایا

اوران کے بیانات پر غیر مشروط معافی مانگنے کا مطالبہ کیا۔ وزیر نے کہا کہ افواہیں پھیلانا اور کابینہ کے امور کے بارے میں گمراہ کن بیانات دینا جرم کے مترادف ہے۔ لکشمن نے بی آر ایس قیادت پر بھی تنقید کی۔ ان پر کابینہ کے فیصلوں پر نامناسب تبصرے کرنے کا الزام لگایا۔ واضح رہے کہ ہریش راؤ نے الزام لگایا تھا کہ ریاستی کابینہ میں سراسر افراتفری ہے کیونکہ یہ دو کیمپوں میں بٹی ہوئی ہے جو ایک دوسرے کے خلاف جا رہے ہیں۔

EXCISE

ریاستی آبکاری وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے آج کہا کہ شراب کی دکانوں کے ضوابط کسی ایک حلقے پر نہیں بلکہ پوری ریاست پر لاگو ہوتے ہیں۔ وزیر موصوف۔ مناگوڑو۔ کے ایم ایل اے کومٹ یڈی راج گوپال ریڈی کے "مینڈیٹ" کا جواب دے رہے تھے کہ منوگوڑو میں شراب کی دکانیں صرف شام 4 سے 9 بجے کے درمیان چلنی چاہئیں۔

EYE

حیدرآباد میں حکومت کے زیر انتظام سروجنی دیوی آئی اسپتال میں پٹاخوں کی وجہ سے آنکھوں کو چوٹ آنے والے 54 مریضوں کا علاج کیا گیا ہے۔ ہسپتال کے سپرنٹنڈنٹ مودینی پندھرپور کر۔ نے کہا کہ تقریباً 80% کیسز کا تعلق مخصوص پٹاخوں سے تھا، جو تہوار کے دوران آنکھوں کو شدید ترین چوٹیں پہنچاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین دنوں میں کُل 54 افراد آنکھوں میں چوٹ کے ساتھ ہسپتال سے رجوع ہوئے۔ ان میں سے 23 معاملات سنگین نوعیت کے ہیں جہاں بینائی متاثر ہوئی ہے۔ دریں اثنا، تلنگانہ اسٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ فائر سرویس ڈپارٹمنٹ کو دیپاولی کے دن ریاست بھر میں 44 فائر کالز موصول ہوئے، جن میں 18 گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن (GHMC) سے تھے۔ فائر کنٹرول روم کے حکام نے بتایا کہ کُل 38 معاملات چھوٹی آگ، تین درمیانے درجے اور ایک سنگین کے طور پر درجہ بندی کی گئی۔ فائر کنٹرول روم کے ایک اہلکار نے تصدیق کی۔

GST

وانپرتی ضلع کے ایک رہائشی راجندر کمار نے کہا کہ جی ایس ٹی 2.0 اصلاحات لوگوں کو خاص طور پر طبی مسائل سے دوچار لوگوں کے لیے ایک بڑی راحت کے طور پر سامنے آئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ادویات کی قیمتوں میں کمی لانا خاص طور پر کمزور طبقوں کے لیے ایک بڑا راحت ہے کیونکہ بچائی گئی رقم کو غذائیت سے بھرپور خوراک خریدنے میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(-BYTE)

WEATHER

حیدرآباد میٹرولوجیکل سنٹر کے مطابق کم دباؤ والا علاقہ جنوبی انڈمان سمندر کے اوپر بننے کی وجہ سے جنوب مشرقی خلیج بنگال میں ڈپریشن شدت اختیار کر گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق، آج اور کل تلنگانہ کے کئی اضلاع میں الگ الگ مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش ہونے کا امکان ہے۔ اس دوران زیادہ تر اضلاع میں ہلکی سے درمیانی بارش کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے دفتر نے کہا کہ چند اضلاع میں الگ

الگ مقامات پر موسلا دھار بارش کا بھی امکان ہے، جب کہ اگلے تین دنوں میں ریاست کے کچھ حصوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ گرج چمک کی توقع ہے۔

ADD WEATHER

جمعرات کو تلنگانہ کے اضلاع کھمم، نلگنڈہ، سوریا پیٹ، محبوب نگر، ناگر کرنول، وانپرتھی، نارائن پیٹ اور جوگولمبا گدوال میں الگ الگ مقامات پر موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست میں ایک یا دو مقامات پر بارش درج کی گئی۔